سوال

(81) ترجمہ قرآن مجید مترجمہ ڈپٹی نزیر احمد خان دہلوی۔ و ترجمہ قرآن مجید الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ترجمہ قرآن مجید مترجمہ ڈپٹی نزیر احمد خان دہلوی۔ و ترجمہ قرآن مجید مترجمہ مرزا حیرت دہلوی ایڈیٹر کرزن گزٹ و سیکرٹری اسلامیہ پرنٹنگ اینڈ پبلشنگ کمپنی دہلی میں سے کس کا ترجمہ فصیح ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ترجمہ ہر دو صاحبان مذکور فصاحت اردو میں اچھا ہے۔ مگر میں نے اول سے آخر تک ترجمہ نہیں دیکھا ہے۔ کہ کس کو ترجیح دوں۔ مگر ہر دو صاحبان نے فصاحت خرچ کر کے مقاصد و مطالب قرآن کو بگاڑ دیا کہ جس کو عام لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ قرآن کا ترجمہ۔ شاہ رفیع الدین۔ شاہ عبد القادر۔ وشاہ ولی اللہ صاحب سے بڑھ کر کسی کا نہیں ہو سکتا ہے۔ ان لوگوں نے الفاظ قرآن و معانی کی پیروی کی ہے۔ اور ان لوگوں نے فصاحت اردو خرچ کی ہے۔ تھوڑے دنوں میں قرآن کو مثل انجیل وغیرہ کے کر دیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ حررہ سید محمد عبد الحفیظ غفرلہ

ہذا الجواب صحیح۔ سید محمد عبد الحفیظ

ہذا الجواب صحیح۔ سید محمد عبد السلام

ہذا الجواب صحیح۔ سید محمد ابو الحسن

<u>پس ان حضرات موصوفین کا بھی یہی مسلک ہے۔ اور اس چیز میں تجسیم و تشبیہ یا کفر و شرک کا شائبہ تک نہیں ہے۔ جیسا س کہا یک ماہر شریعت پر مخفی نہیں۔ یہ چند سطور نا واقفوں کی تنبیہ کے لئے اہل سنت اور خصوصاً امام ابو حنیفہ اور امام مالکؒ کے مسلک کی وضاحت کے لئے لکھی گئی ہیں۔ واللہ اعلم</u>

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد12ص163-165

محدث فتویٰ